## صدر پاکستان نے یقین دلایا ہے کہ وہ عوام کے بنیادی مسائل کے حل اور
## مذہبی انتہاء پسندی کے خاتمہ کیلئے بھرپور جدوجہد کریں گے، الطاف حسین
## مذہب اور عقیدے کی مخالفت پر کسی کی گردن مارنے کی اجازت نہیں دے سکتے
## نام نہاد ملاؤں کے فتوؤں کی نہ کل پرواہ تھی نہ آج ہے، میں پاکستانی شہری کا ایجنٹ تھا اور رہونگا
## منگل کی شب کراچی، حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، نواب شاہ، سانگھڑ، ٹنڈوالہیار اور جامشورو میں سالگرہ کے اجتماعات سے خطاب

لندن۔۔۔17 ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ صدر پاکستان جناب آصف علی زرداری نے یقین دلایا ہے کہ وہ ملک بھر کے عوام کے بنیادی مسائل کے حل اور مذہبی انتہاء پسندی کے خاتمہ کیلئے بھرپور جدوجہد کریں گے۔انہوں نے ایک مرتبہ پھر واشگاف الفاظ میں کہا کہ ایم کیوایم مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور اتحاد بین المسلمین پر یقین رکھتی ہے اور وہ مذہب اور عقیدے کی مخالفت پر کسی کی گردن مارنے کی اجازت نہیں دے سکتے۔ان خیالات کا اظہار جناب الطاف حسین نے منگل اور بدھ کی درمیانی شب ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کراچی، حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، نواب شاہ، سانگھڑ، ٹنڈوالہیار اور جامشورو میں ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران اور کارکنان سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کیا جو انہیں سالگرہ کی مبارکباد دینے کیلئے جمع ہوئے تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم کے تمام کارکنان بالخصوص خواتین کارکنان نے جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت کا اظہار کیا اور جناب الطاف حسین کو ان کی 55 ویں سالگرہ کی مبارکباد پیش کی۔اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے تمام کارکنان کو جواب میں مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج ان کی صدر مملکت جناب آصف علی زرداری سے تفصیلی ملاقات ہوئی ہے جو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بہت کامیاب رہی۔انہوں نے کہا کہ اس ملاقات میں ملک بھر کے عوام کے بنیادی مسائل مہنگائی، بے روزگاری، آٹے کی قلت، بجلی کے بحران، مذہبی انتہاء پسندی، طالبانائزیشن، قبائلی علاقہ جات کی صورتحال، مسئلہ کشمیر اور امریکہ کی جانب سے افغانستان سے پاکستان میں کی جانے والی بمباری پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ صدر پاکستان جناب آصف علی زرداری نے یقین دلایا ہے کہ وہ اپنی تمام تر صلاحیتوں اور تجربہ کو بروئے کار لاکر ان مسائل کے خاتمہ کیلئے بھرپور جدوجہد کریں گے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ صدر مملکت نے میری جانب سے بیان کئے گئے مسائل کو نہ صرف تسلیم کیا بلکہ انہیں حل کرانے کی بھی یقین دہانی کرائی ہے جس کا ثبوت ہے کہ انہوں نے کسی قسم کی لیت ولعل کرنے کے بجائے سندھ حکومت میں حق پرست وزراء، کراچی کے سٹی ناظم اور حیدرآباد کے ڈسٹرکٹ ناظم کو درپیش مسائل کے حل کیلئے حق پرست وزراء اور متعلقہ ناظمین کو بدھ کے روز ایوان صدر میں افطار ڈنر کی دعوت دی ہے جہاں وہ حق پرست وزراء اور ناظمین کے مسائل خود سنیں گے۔جناب الطاف حسین نے نام نہاد ملاؤں کے بیانات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ چار پانچ روز سے اخبارات میں نام نہاد مذہبی عناصر میرا نام لیے بغیر بیانات دے رہے ہیں کیونکہ میں نے میرپورخاص میں احمدی جماعت کے ڈاکٹر منان صدیقی اور نواب شاہ میں احمدی جماعت کے ضلعی امیر محمد یوسف کے قتل کی مذمت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ مجھے ان نام نہاد ملاؤں کے فتوؤں کی نہ کل پرواہ تھی نہ آج ہے کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان میں بسنے والا ہر شہری خواہ کسی بھی مذہب یا جماعت سے تعلق رکھتا ہو وہ پاکستان کا شہری ہے اور ان کی جان ومال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ نام نہاد ملا سمجھتے ہیں کہ یہ فتوے دیکر مجھے ڈرا سکتے ہیں یا ایم کیوایم کے کارکنان وعوام کو مجھ سے جدا کرسکتے ہیں تو میں ان کو بتادینا چاہتا ہوں کہ ایم کیوایم کے مسلم کارکنان اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، قرآن مجید، تمام انبیائے کرام، نبی آخرالزماں حضرت محمد مصطفیؐ اور ختم نبوت پر کامل یقین رکھتے ہیں اور وہ مذہبی منافرت پر یقین نہیں رکھتے۔انہوں نے کہا کہ یہ نام نہاد مذہبی عناصر اجتماعی بیانات دیکر عوام کو بہکانا چاہتے ہیں کہ الطاف حسین احمدیوں، عیسائیوں، ہندوؤں، سکھوں اور پارسیوں کا ایجنٹ ہے تو میں انہیں یہ بھی بتادینا چاہتا ہوں کہ الطاف حسین ہر اس پاکستانی شہری کا ایجنٹ ہے اور رہے گا جو کسی بھی مذہب، عقیدے یا جماعت سے تعلق رکھتا ہو۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ مذہبی منافرت رکھنے والے انہی عناصر نے عوام کو گمراہ کرنے اور تقسیم کرنے کیلئے شیعہ سنی فسادات کی سازشیں کرائیں اور جب میں نے اے پی ایم ایس او کے زمانے سے فرقہ وارانہ فسادات کے خاتمے کی کوششیں کیں تو میرے خلاف یہ کہا گیا کہ الطاف حسین نہ صرف شیعہ ہے اور شیعوں کا ایجنٹ ہے بلکہ اس کا نام سید الطاف حسین جعفری ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں شیعہ سنی اتحاد اور دیوبندی بریلوی اتحاد کا کل بھی حامی تھا اور آج بھی ہوں اور اتحاد بین المسلمین پر یقین رکھتا ہوں۔انہوں نے مزید کہا کہ ہندو، سکھ، عیسائی، پارسی، اسمٰعیلی اور پاکستان میں بسنے والے دیگر مذاہب یا عقائد کے ماننے والے تمام لوگ پاکستان کے برابر کے شہری ہیں اور ہمارے بھائی ہیں اور ایم کیوایم مذہب اور عقیدے کی مخالفت میں کسی کی گردن مارنے کا نہ تو درس دیتی ہے اور نہ ہی اس مذموم عمل کی اجازت دے سکتی ہے۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے تمام اجتماعات کے شرکاء سے دریافت کیا کہ کیا وہ ایسے نام

نہاد ملاؤں کے فتوؤں اوران کی باتوں میں آئیں گے؟ جس پر اجتماعات کے شرکاء نے یک زبان ہوکر کہا ''ہرگز نہیں'' جناب الطاف حسین نے کہا کہ اللہ تعالیٰ دلوں کا حال جانتا ہے یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کا پیغام تیزی سے فروغ پارہا ہے اور جولوگ کل تک ایم کیوایم کے مخالف یا غلط فہمیوں کا شکار تھے وہ بھی نہ صرف تیزی سے ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں بلکہ ایم کیوایم کے فکروفلسفہ اورنظریہ کو پسند بھی کررہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات، حق پرست عوامی نمائندگان، حق پرست فنکاروں، اوورسیز یونٹوں اور دنیا بھر میں مقیم ایم کیوایم کے ایک ایک کارکنان کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد اورحق پرستانہ جدوجہد میں ثابت قدمی پرانہیں خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ: حق پرست وزراء، اراکین اسمبلی اور ٹاؤن ناظمین میں اسپتالوں اور جیلوں کے دورے کئے مریضوں اوراسیروں کی خیریت دریافت کی اوران کو پھل، پھول، مٹھائی اور کھانا پیش کیا

کراچی۔۔۔17، ستمبر 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ کے موقع پر ایم کیوایم کے حق پرست وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اور ٹاؤن ناظمین نے شہر کے مختلف اسپتالوں کا دورہ کیا اور جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی خوشی میں مریضوں کو پھل اور پھول پیش کئے جبکہ سندھ کی مختلف جیلوں کا دورہ کرکے جیلوں میں اسیروں کو بھی مٹھائی، پھل اور کھانا پہنچایا۔تفصیلات کے مطابق حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی اور رکن سندھ اسمبلی مقیم نے جناح اسپتال اور NICH، اراکین سندھ اسمبلی ساجد اور وسیم احمد نے کارڈیو ویسکولر، حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد، رکن سندھ اسمبلی شعیب ابراہیم، صدر ٹاؤن کے حق پرست ناظم محمد دلاور نے سول اسپتال، رکن قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ، رکن سندھ اسمبلی اقبال قادری اور اورنگی ٹاؤن کے حق پرست ناظم عبدالحق نے قطر اسپتال، رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم، رکن سندھ اسمبلی عادل خان اور نیوکراچی ٹاؤن کے حق پرست ناظم محمد ذوالفقار نے نیوکراچی اسپتال، رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف، رکن سندھ اسمبلی خالد بن ولایت اور لیاقت آباد ٹاؤن کے حق پرست ناظم اسامہ قادری نے سندھ گورنمنٹ اسپتال لیاقت آباد اور کراچی انسٹی ٹیوٹ ہارٹ ڈیسز، رکن قومی اسمبلی فرحت خان، رکن سندھ اسمبلی معین خان اور نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے نگراں ٹاؤن ناظم احسن اللہ نے عباسی اسپتال کے دورے کرکے اسپتالوں میں زیرعلاج مریضوں سے ملاقات کی اور جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی عیادت کی۔اس موقع پر انہوں نے مریضوں کو قائدتحریک جناب الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ کی مبارکباد دی اورانہیں سالگرہ کی خوشی میں پھل اور پھول پیش کئے۔اس موقع پر مریضوں اوراسپتالوں کے عملے نے بھی قائدتحریک جناب الطاف حسین کو 55ویں سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کی اوران کیلئے دعائیں بھی کیں۔اسی طرح ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، حق پرست صوبائی وزراء ڈاکٹر صغیر احمد، رؤف صدیقی، رکن قومی اسمبلی رشید گوڈیل نے جیلوں کے دورے کرکے اسیروں سے ملاقات کی، ان کی خیریت دریافت کی اورانہیں جناب الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ کی دلی مبارکباد دی۔انہوں نے اسیروں کو قائدتحریک جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی خوشی میں مٹھائی، پھل اور کھانا بھی پہنچایا۔اس موقع پر اسیروں نے جناب الطاف حسین کوانکی سالگرہ کی دلی مبارکباد دی۔

## الطاف حسین کی سالگرہ کے موقع پر نائن زیرو اور مکا چوک سے متصل باغ افضاء کا افتتاح کردیا گیا

کراچی۔۔۔17، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ کے موقع پر مکا چوک عزیز آباد اور نائن زیرو سے متصل ''باغِ افضاء'' کا افتتاح کردیا گیا۔باغ افضاء کا افتتاح ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری نے منگل اور بدھ کی درمیانی شب نائن زیرو پر جناب الطاف حسین کو 55ویں سالگرہ کی مبارکباد دینے جمع ہونے والے کارکنان کے اجتماع سے جناب الطاف حسین کے خطاب کے بعد کیا۔شعیب احمد بخاری نے باغ افضاء کے افتتاح کے موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست قیادت ملک بھر کے عوام کو صحت مند تفریح کے مواقع فراہم کرنے میں کوشاں ہے۔اس موقع پر گلبرگ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد کمال بھی موجود تھے۔

## الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ کے موقع پر مجلّہ فکرنو اور دیدہ زیب پوسٹر کا اجراء

کراچی۔۔۔17، ستمبر 2008ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی جانب سے بانی وقائد جناب الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ کے موقع پر ''مجلّہ فِکرِنو''

اور دیدہ زیب پوسٹرز کا اجراء کیا گیا ہے۔ مجلّہ فکر نو کو انتہائی خوبصورتی سے ترتیب دیا گیا ہے جبکہ پوسٹرز میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں چلنے والے کارواں کی عکاسی کی گئی ہے۔

## جو ٹوٹ جاتے ہیں ایم کیو ایم کے کارکنان نہیں ہوتے، صدر مملکت

کراچی۔۔۔17 ستمبر 2008ء۔۔۔صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کے کارکنان ٹوٹنے والے نہیں ہیں۔ یہ بات ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی اور سندھ کے مختلف شہروں میں منعقدہ اجتماعات سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے کارکنان ہمیشہ اپنے قائد کے نعرے لگاتے ہیں لیکن میں نعرہ لگاتا ہوں کہ ساتھی کیسے۔۔۔ الطاف حسین کے ساتھیوں جیسے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم جیسے کارکنان کسی بھی جماعت میں نہیں ہے اور اس بات کو پوری دنیا کہہ رہی ہے۔ جناب الطاف حسین نے بتایا کہ آج صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کے دوران یہ بات زیر بحث آئی کہ فلاں پارٹی کا کارکن ٹوٹ جاتا ہے یا جھک جاتا ہے جس پر آصف علی زرداری نے برجستہ کہا کہ جو لوگ ٹوٹ جاتے ہیں یا جھک جاتے ہیں وہ ایم کیو ایم کے کارکن نہیں ہوتے اسی لئے وہ ٹوٹ جاتے ہیں یا جھک جاتے ہیں۔ جس پر اجتماعات کے شرکاء نے فلک شگاف نعرے لگائے۔

## کارکنان اپنے اخلاق کو بہتر سے بہتر بنائیں، الطاف حسین کی تلقین

کراچی۔۔۔ستمبر 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے تمام کارکنان کو تلقین کی ہے کہ وہ سماجی برائیوں سے دور رہیں اور اپنے اخلاق کو بہتر سے بہتر بنائیں۔ منگل اور بدھ کی درمیانی شب سالگرہ کی مبارکباد دینے کیلئے جمع ہونے والے کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ تمام کارکنان تنظیمی نظم وضبط کی پابندی کریں، خود کو چوری چکاری اور معاشرتی برائیوں میں ملوث افراد سے دور رکھیں اور ایسے لوگوں کے ساتھ ہرگز نہ اٹھیں بیٹھیں جو مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث ہوں۔ جناب الطاف حسین نے مزید کہا کہ کارکنان اپنے کردار، اطوار اور اخلاق کو بہتر سے بہتر بنائیں، والدین، اساتذہ، بزرگوں اور خواتین کا احترام کریں اور دیانتداری سے اپنے فرائض انجام دیں۔

## ایم کیو ایم شعبہ جات کو الطاف حسین کا خراج تحسین

کراچی۔۔۔17 ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے تمام شعبہ جات اور ونگز کے اراکین کو اپنی 55ویں سالگرہ کی مبارکباد پیش کی اور حق پرستانہ جدوجہد میں ثابت قدمی پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ کراچی اور سندھ کے دیگر شہروں میں منعقدہ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی، شعبہ خواتین، اے پی ایم ایس او، لیبر ڈویژن، میڈیکل ولیگل ایڈ کمیٹی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی، شعبہ اطلاعات، کمیونی کیشن اینڈ میڈیا مینیجمنٹ نیوز، فوٹو، ویڈیو، ایلڈرز ونگ، الیکشن سیل، ایمپلائمنٹ سیل، استقبالیہ کمیٹی، متحدہ علماء کمیٹی، متحدہ کلچرل اینڈ اکیڈمک فورم، سندھ انٹیلکچوئل فورم، ایڈمنسٹریشن کمیٹی، شہداء اسیر کمیٹی، اقلیتی امور کمیٹی، لٹریچر کمیٹی، کے ایم اوسی، پی پی اوسی، خدمت خلق فاؤنڈیشن، ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل، ڈیفنس کلفٹن، سوسائٹی اور نارتھ ناظم آباد ریزیڈنٹس کمیٹیوں کے ارکان، بورڈ کمیٹی، اسپیچ کمیٹی، ٹرانسپورٹ کمیٹی، کچن کمیٹی اور دیگر کمیٹیوں کے ایک ایک کارکن کو دلی مبارکباد اور خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر کارکنان نے بھی جناب الطاف حسین انہیں ان کی سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کی۔

## کارکنان شیخ لیاقت حسین کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

کراچی۔۔۔17 ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور ان کی صحت یابی کیلئے دعا کی۔ کراچی اور سندھ کے دیگر شہروں میں منعقدہ اجتماعات سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے تمام کارکنان اور عوام سے اپیل کی کہ وہ شیخ لیاقت حسین کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں۔

## ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان کا الطاف حسین سے تجدید عہد وفا

کراچی۔۔۔17 ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 55 ویں سالگرہ کے موقع پر ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان نے جناب الطاف حسین سے اپنے عہد وفا کی تجدید کی۔منگل اور بدھ کی درمیانی شب رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے تجدید عہد وفا پڑھی اوراجتماعات کے تمام شرکاء نے ان کے الفاظ دہرا کر جناب الطاف حسین سے اپنے عہد وفا کی تجدید کی۔اس موقع پررابطہ کمیٹی کے دیگرارکان بھی موجود تھے۔بعدازاں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آپ ساتھیوں نے تجدید عہد وفا کی اگر آپ نہ بھی کرتے تب بھی مجھے آپ کی وفاؤں پرمکمل یقین ہے۔اس موقع پر ایم کیوایم کے کارکنان نے ''جب تک ہے دم میں دم۔۔۔قائد تیرے ہمقدم'' کے نعرے لگائے جس کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے شہید کارکن شکیل الرحمٰن کے بڑے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17 ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے یم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 کے شہید کارکن شکیل الرحمٰن کے بڑے بھائی شجاع الرحمٰن کے انتقال پر گہرے اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل کی توفیق عطا کرے۔

☆☆☆☆☆